## ملک کی موجودہ صورتحال کے باعث پاکستان اورلندن میں اے پی ایم ایس او کے یوم تاسیس کے اجتماعات اور کراچی میں یادگارشہداء کی افتتاحی تقریب ملتوی کردی گئی ہے، رابطہ کمیٹی کا اعلان

کراچی۔۔۔30،مئی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ملک کی صورتحال کے باعث پاکستان اورلندن میں اے پی ایم ایس او کے یوم تاسیس کے اجتماعات اورکراچی میں یادگارشہداء کی افتتاحی تقریب ملتوی کرنے اورایم کیوایم کی مالی صورتحال کے باعث ایم کیوایم کے انفارمیشن سیل کا شعبہ کیم ونگ کو بند کردیا گیاہے۔ یہ فیصلے گزشتہ روزخورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی لندن اور پاکستان کے مشترکہ اجلاس میں کیے گئے جس میں رابطہ کمیٹی کے تمام اراکین نے شرکت کی۔ رابطہ کمیٹی کے فیصلے کے مطابق پاکستان کی موجودہ صورتحال کی بناء پر 11/جون 2010ءکوکراچی سمیت پاکستان بھرجبکہ 12/جون کولندن میں اے پی ایم ایس او کے 32ویں یوم تاسیس کے اجتماعات ملتوی کردیئے گئے ہیں اسی طرح 19/جون 2010ءکوجناح گراؤنڈعزیز آباد میں یادگارشہداء کی تقریب بھی ملتوی کردی گئی ہے۔

☆☆☆☆☆